[This question paper contains 4 printed pages.]

**Your Roll No...............**

| | | | |
|---|---|---|---|
| **Sr. No. of Question Paper** | **:** | **4142** | **J** |
| Unique Paper Code | : | 2141002003 | |
| Name of the Paper | : | Urdu–C | |
| Name of the Course | : | **AEC** | |
| Semester | : | IV | |

Duration : 2 Hours — Maximum Marks : 60

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

**1۔** نیچے لکھے اقتباس کو دھیان سے پڑھیے اور دئے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ **15**

اب جو ہم کھڑکی میں سے آسمان کو دیکھتے ہیں تو جناب ستارے ہیں کہ جگمگا رہے ہیں۔ سوچا کہ آج پتہ چلائیں گے کہ یہ سورج آخر کس طرح سے نکلتا ہے۔ لیکن جب گھوم گھوم کر کھڑکی اور روشن دان میں سے چاروں طرف دیکھا اور بزرگوں سے صبح کاذب کی جتنی نشانیاں سنی تھیں، ان میں سے ایک بھی نظر نہ آئی، تو فکر سا ہو گیا کہ آج سورج گرہن نہ ہو۔ کچھ سمجھ میں نہ آیا تو پڑوسی کو آواز دی: "لالہ جی! ـــ لالہ جی! ـــ!" جواب آیا: "ہوں"

(i) کھڑکی میں سے جھانک کر کیا دیکھا؟

(ii) وہ کس بات کا پتہ چلانا چاہتا تھا؟

(iii) بزرگوں کی بتائی ہوئی کیا نشانی دیکھنے کی کوشش کی؟

(iv) اس کو سورج گرہن کا کیوں شبہ ہوا؟

(v) لالہ جی کو کیوں آواز دی گئی؟

2۔ نیچے لکھے شعری حصے کو دھیان سے پڑھیے اور دئے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 15

لیتی کسی فقیر کے گھر میں اگر جنم　　　ہوتے نہ میری جان کو سامان یہ بہم
ڈستا نہ سانپ بن کے مجھے شوکت و حشم　　　تم میرے لال تھے مجھے کس سلطنت سے کم
میں خوش ہوں پھونک دے کوئی اس تخت و تاج کو
تم ہی نہیں تو آگ لگا دوں گی راج کو

(i) ماں نے کس کے گھر میں جنم لینے کی بات کی ہے؟

(ii) سانپ بن کر کس نے ڈسا ہے؟

(iii) ماں کو اپنا لال کس سے زیادہ اچھا لگتا ہے؟

(iv) ماں کی خوشی کس میں ہے؟

(v) اگر بیٹا پاس نہ ہو تو ماں کیا کرے گی؟

3۔ نیچے دئے ہوئے مصرعوں کو مکمل کیجیے۔ 5

(i) اگر کھو گیا اک نشیمن تو کیا ＿＿＿＿＿

(ii) یہ خلش کہاں سے ہوتی جو ＿＿＿＿＿ کے پار ہوتا

(iii) ابھی ＿＿＿＿＿ کے امتحاں اور بھی ہیں

(iv) ترے وعدے پہ جیے ہم تو یہ جان ＿＿＿＿＿ جانا

(v) اٹھاؤ ہاتھ کہ دستِ ＿＿＿＿＿ بلند کریں

4۔ صحیح جواب چن کر لکھیے۔ 5

(i) یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے
چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے

(a) اقبال (b) غالب (c) میرؔ (d) فیض

(ii) رامائن کا ایک سین کس شاعر کی نظم ہے؟

(a) اختر الایمان (b) فیض (c) چکبست (d) اختر شیرانی

(iii) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مقطع (b) قافیہ (c) ردیف (d) مطلع

(iv) مرزا غالب کا پورا نام کیا تھا؟

(a) مرزا اسداللہ خاں غالب (b) مرزا محمود غالب (c) مرزا حمیداللہ غالب (d) مرزا فیض اللہ غالب

(v) سویرے جو کل آنکھ میری کھلی کس کا مضمون ہے؟

(a) غالب (b) پطرس بخاری (c) سعادت حسن منٹو (d) اختر الایمان

5۔ نظم 'رامائن کا ایک سین' کا حال اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 10

یا

'جی آیا صاحب' کی کہانی لکھیے۔

6۔ کسی دو شعر کی تشریح کیجیے۔ 10

تیرے وعدے پہ جیے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا
کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

P.T.O.

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
تیرے سامنے آسماں اور بھی ہیں

قفس اداس ہے یاروں صبا سے کچھ تو کہو
کہیں تو بہر خدا آج ذکرِ یار چلے

گلوں میں رنگ بھرے بادِ نوبہار چلے
چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے